17/07/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عمر مختار** سے خبریں سُنئے

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نئی دلی میں" جے اینڈ کے مارچ Towards Peace " کے عنوان سے منعقد کردہ ایک سمینار سے خطاب کیا جس کا اہتمام گاندھی سمرتی نے کیا تھا ۔ اپنے کلیدی خطبے میں منوج سنہا نے جموں کشمیر اور مہاتما گاندھی کے درمیان گہرے رشتے کو اجا گر کیا ۔ انہوں نے کہا کہ گاندھی جی کو جموں کشمیر میں امید کی ایک کرن نظر آئی تھی اور وہ جموں کشمیر میں امن و ترقی کے خواہاں تھے ۔

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں نیشنل اسپتال کے اندر پروجیکٹ 13,13 کا افتتاح کیا جو خواتین کےلئے معیاری اور قابل استطاعت طبی نگہداشت کی ایک اولین پہل ہے۔ بعد میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے اُمید ظاہر کی کہ جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ بہت جلد بحال کیا جائے گا۔ انہوننے یہ معاملہ مرکز کے ساتھ اُٹھانے کےلئے کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے اور پارٹی لیڈر راہل گاندھی کا شکریہ ادا کیا۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے IIT جموں کے سمر سکول میں ایک الوداعی تقریب سے بھی خطاب کیا ۔

**یاترا**

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آجخراب موسم کے چلتے دونوں روایتی راستوں پہلگام اور بال تل سے معطل کر دی گئی ہے ۔موسلادھار بارش کی وجہ سے جموں سے بھی آج کسی یاتری کو وادی کی طرف روانہ نہیں کیا گیا ۔ اعداد و شمار کے مطابق کل شام تک مجموعی طور پر دو لاکھ 47 ہزار 141 یاتری پوتر گھپا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کر چکے ہیں ۔

اس دوران بارڈر روڈس آرگنائزیشن نے یاترا کے راستوں پر اپنے عملے اور مشینری کو کام پر لگا دیا ہے ۔ صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے کہا ہے کہ موسم میں بہتری آنے کی صورت میں یاترا کل پھر سے بحال ہونے کی توقع ہے ۔

**کمیٹی**

جموں کشمیر اسمبلی کی Estimates سے متعلق کمیٹی نے عوام کے لئے پینے کے صاف اور محفوظ پانی کی سپلائی یقینی بنانے اور خستہ حال پانی کے چشموں کی بحالی پر زور دیا ہے ۔ کمیٹی کی ایک میٹنگ اسمبلی کمپلیکس سرینگر میں منعقد ہوئی جس دوران محکمہ جل شکتی کی کار گزاری کا جائزہ لینے کے علاوہ پورے جموں کشمیر میں زیر عمل واٹر سپلائی سکیموں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ کی صدارت کمیٹی کی چیر پرسن شمیمہ فردوس نے کی، جس میں کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔

دریں اثناءماتحت قانون سازی سے متعلق کمیٹی کی ایک میٹنگ بھی اسمبلی کمپلیکس میں منعقد ہوئی جس دوران مال محکمے سے جڑے قوائد و ضوابط کا جائزہ لیا گیا ۔ کمیٹی کی صدارت چیر مین حسنین مسعودی نے کی ، جس میں کمیٹی کے سبھی ارکان نے شرکت کی ۔

**جاوید احمد رانا**

ارکان قانون سازیہ مبارک گل ، پون کمار گپتا اور پیارے لال شرما نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں جل شکتی، قبائلی امور اور جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ اِن محکموں سے جڑے عوامی نوعیت کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ متواتر ہنر مندی زندگی بھر کی کامیابی کا ایک اہم راز ہے ۔ سرینگر میں " جموں کشمیر میں ہنر مندی کے منظر نامے میں اصلاحات " کے موضوع پر SKICC وہ منعقدہ دو روزہ تاریخی ورکشاپ میں اظہار خیال کر رہے تھے ۔ کانفرنس میں تعلیم اور ہنر مندی کی مرکزی وزارتوں ، نیتی آیوگ کے نمائندوں ، جموں کشمیر کے سینئر انتظامی سیکریٹریوں اور دیگر اہم محکموں اور تنظیموں کے مند و بین موجود تھے ۔

**سرمد حفیظ**

محکمہ سماجی بہبود کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ نے وومن ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی ایک میٹنگ کی صدارت کی جس دوران کارپوریشن کے تحت مرکزی اور جموں کشمیر سرکار کی معاونت والی سکیموں اور اقدامات کی مجموعی اور مالی کار کردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ۔ اس موقعہ پر مشن پوشن ، مشن شکتی اور مشن وَتسالیہ کے علاوہ پنشن اور سکالرشپ سکیموں کی پیش رفت کا خاص طور پر جائزہ لیا گیا ۔

**اویس احمد**

خوراک اور امور صارفین محکمے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر اویس احمد نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران خطے کے اندر پیٹرولیم مصنوعات اور رسوئی گیس کی دستیابی کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں کمپنیوں کے نمائندوں اور انڈین اوئل کارپوریشن لمیٹڈ کے مقامی کو آر ڈینیٹر Oil Marketing موجود نے جانکاری دی کہ خطے میں 15 دن سے بھی زیادہ عرصے کے لئے ان مصنوعات کا وافر سٹاک موجود ہے ۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ